یہ جانیئے کہ انخلا کیسے کرنا ہے

ہاکسبری - نیپیان (HAWKESBURY-NEPEAN) وادی میں سیلاب سے انخلا کے راستے

ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں سیلاب انتباہ سے کچھ دیر بعد ہی آ سکتا ہے۔آپ کے پاس انخلا کے ایک حکم کے بعد علاقےسے باہر آنے کے لیے صرف چند گھنٹے ہو سکتے ہیں۔ آپ کو تیار رہنے کی اور انخلا کے راستوں کو جاننے کی ضرورت ہے۔

یہ جاننا کہ کب اور کیسے نکلناانخلا کرنا ہے

ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں نقصان دہ اور خطرناک سیلابوں کی ایک لمبی تاریخ ہے۔ آپ کو انخلا کے احکامات پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے خود، اپنے خاندان اور پالتوجانوروں کو محفوظ رکھنے کے لیے۔ آپ کو عام طور پرآپ کے مضافات میں سیلابی پانی کی علامات دکھائی دینے سے کافی قبل ہی جگہ چھوڑنے کے لیے کہا جائیگا۔ ایک مرتبہ آپ کو انخلا کا حکم دے دیا جائے تو آپ کا اپنےگھر پر رہنا اور پناہ گزین ہونا محفوظ نہیں ہے۔

انخلا کے احکامات اور کونسے راستے کھلے ہیں، اس بارے میں جاننے کے لیے لوکل اور اےبی سی ریڈیو کو سنیں، یا این ایس ڈبلیو ایس ای ایس کو فیس بک پر، یا این ایس ڈبلیو پولیس کو فیس بک اور ٹوئیٹر پر فالو کریں۔

راستوں سے واقف ہوجائیں

انخلاء کے لئے 12 نامزدشدہ راستے ہیں جو والیشیا (Wallacia)، پینرتھ – ایموپلینز (-Penrith Emu Plains)، رچمنڈ-ونڈسر (-Richmond Windsor)، ساوتھ (South) اور ایسٹرن کریک (Eastern Creek) کے سیلابی میدانوں سے نکلنے کا تیزترین اور محفوظ ترین راستہ دیتے ہیں۔ (اس حقائق نامے کی پشت پر نقشے کو دیکھیں)۔

آپ کو ایک سے زیادہ راستوں کا علم ہونا چاہیے کیونکہ ہر سیلاب کا رویہ مختلف ہوتا ہے اور مختلف مقامات پر انخلا کے راستوں کو سیلابی پانی نے کاٹ دیا ہوتا ہے۔ کچھ راستے تو نسبتاً چھوٹے سیلابوں میں کافی جلد کٹ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ونڈسر روڈ (Windsor Road) ایک ایسے سیلاب سے کٹ جاتا ہے جسکا 80-سالہ زندگی کے دورانیے میں واقع ہونے کا 98% چانس ہوتا ہے (جسے ایک سال میں آنے والے سیلابوں میں 20 میں 1 چانس کے طور پر جانا جاتا ہے)۔

یہاں تک کہ نسبتاً نیا تعمیرشدہ ڈھانچہ بھی بڑے سیلابوں سے متاثر ہو سکتا ہے۔ ونڈسر (Windsor) پر جیم اینڈرسن (Jim Anderson) پل کسی ایسےسیلاب میں کٹ جائیگا جسکا 80-سالہ زندگی کے دورانیے میں واقع ہونے کا 55% چانس ہوتا ہے (ایک سال کے سیلابوں میں 100 میں 1 چانس)۔

ایک مرتبہ آپ کو اپنا بہترین راستہ معلوم ہوجائے، تو دوستوں یا رشتہ داروں کیساتھ بات چیت کریں تاکہ منظم طور پر کسی مقام پر جاسکیں۔ یاد رکھیں، چونکہ ہر سیلاب مختلف ہوتا ہے، تو یہ بات اہم ہے کہ جیسے ہی انخلا کے احکامات دیئے جائیں ان پر عمل پیرا ہوجائیں۔

نشانات پر عمل کریں

ڈرائیوروں کی راہنمائی کے لیے ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں ہرطرف 150 نئے سیلابی انخلا کے نشانات نصب کردیئے گئے ہیں۔ وہاں پر کئی مختلف اقسام کے نشانات ہیں، بشمول چند تہہ شدہ نشانات کے، جنہیں سیلابی ایمرجنسی کے دوران کھل جانے کے لیے بنایا گیا ہے تاکہ ڈرائیوروں کو اضافی ہدایات دی جا سکیں۔

ریجنل سیلابی انخلائی راستوں پر محفوظ مقامات کیطرف لوگوں کی راہنمائی کے لیے نشانات

سیلابی انخلا کے راستے

ہاکسبری – نیپیان (Hawkesbury-Nepean Valley) وادی